بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نوٹ ۴۹

رجسٹرڈ ایل ۵۲۵۴

اِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ عَسٰى اَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا

# روزنامہ الفضل ربوہ

یوم پیر

The Daily ALFAZL RABWAH

ایڈیٹر مسعود احمد دہلوی

قیمت فی پرچہ ۴۰ پیسے

جلد ۶۷/۳۲ | ۱۷ محرم ۱۳۹۹ھ ۱۸ فتح ۱۳۵۷ھش ۱۸ دسمبر ۱۹۷۸ء | نمبر ۲۸۷

ارشاداتِ عالیہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام

# تیرے پاس دُور دراز جگہوں سے لوگ آئیں گے جن راستوں سے وہ آئیں گے وہ عمیق ہو جائیں گے

## اللہ تعالیٰ کی ایک عظیم بشارت جو ہر سال جلسہ سالانہ کے مبارک موقع پر بڑی شان کے ساتھ پوری ہوتی ہے

"آج سے پچیس ۲۵ برس بلکہ اس سے بھی بہت پہلے خدا تعالیٰ نے مجھے خبر دی ایسے وقت میں کہ ایک شخص بھی میرے پاس نہ تھا اور کبھی سال بھر میں بھی کوئی خط نہ آتا تھا۔ اِس گمنامی کی حالت میں مَیں نے جو دعوے کئے ہیں وہ براہینِ احمدیہ میں چھپے ہوئے موجود ہیں اور یہ کتاب مخالفوں موافقوں کے پاس موجود ہے بلکہ ہندوؤں عیسائیوں تک کے پاس بھی ہے ... اسے کھول کر دیکھو کہ اس میں خدا تعالیٰ نے فرمایا:۔

يَأْتُوْنَ مِنْ كُلِّ فَجٍّ عَمِيْقٍ وَ يَأْتِيْكَ مِنْ كُلِّ فَجٍّ عَمِيْقٍ

یعنی تیرے پاس دُور دراز جگہوں سے لوگ آئیں گے اور جن راستوں سے آئیں گے وہ راہ عمیق ہو جائیں گے۔ پھر فرمایا کہ یہ لوگ جو کثرت سے آئیں گے تو اُن سے تھکنا نہیں اور اُن سے کسی قسم کی بداخلاقی نہ کرنا۔ یہ قاعدہ کی بات ہے کہ جب لوگوں کی کثرت ہوتی ہے تو انسان ان کی ملاقات سے گھبرا جاتا ہے اور کبھی بے توجہی کرتا ہے جو ایک قسم کی بداخلاقی ہے پس اس سے منع کیا اور کہا کہ ان سے تھکنا نہیں اور مہمان نوازی کے لوازم بجا لانا۔ ایسی حالت میں خبر دی گئی تھی کہ کوئی بھی نہ آتا تھا۔ اور اب تم سب دیکھ لو کہ کس قدر موجود ہو۔ یہ کتنا بڑا نشان ہے۔"

(ملفوظات جلد ہشتم صفحہ ۳۶۹)

# اخبارِ احمدیہ

ربوہ ۱۸ دسمبر۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی صحت کے متعلق محترم ڈاکٹر صاحبزادہ مرزا منور احمد صاحب کی مرسلہ آج صبح کی اطلاع مظہر ہے کہ:۔

طبیعت اللہ تعالیٰ کے فضل سے اچھی ہے، الحمد للہ

احبابِ جماعت خاص توجہ اور التزام کے ساتھ حضور ایدہ اللہ کی صحت و سلامتی اور درازیٔ عمر کے لئے دعائیں جاری رکھیں۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

محترمہ اہلیہ صاحبہ خان صاحب قاضی محمد رشید صاحب رضی اللہ تعالیٰ عنہ (سابق وکیل المال) کی آنکھوں کا اپریشن سرگودھا میں ہو رہا ہے۔ احبابِ جماعت دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ اپریشن کامیاب کرے اور بینائی پوری طرح بحال ہو جائے۔ آمین

مکرم پروفیسر ڈاکٹر مسعود احمد صاحب آف میو ہسپتال لاہور ۱۲، ۱۳ دسمبر کی درمیانی رات کو اچانک بہت بیمار ہو گئے ہیں۔ ڈاکٹر صاحب بہت نافع الناس وجود ہیں۔ احباب کی خدمت میں ان کی کامل شفایابی کے لئے دعا کی درخواست ہے۔

(مرزا عبدالرشید وکالتِ دیوان ربوہ)

## نقشہ فرائض کارکنان جلسہ سالانہ

نقشہ فرائض کارکنان جلسہ سالانہ ۷۸ء چھپ چکا ہے اور دفتر جلسہ سالانہ میں چسپاں کر دیا گیا ہے۔ نیز صدرانِ محلہ کو بھی بھجوا دیا گیا ہے۔ جملہ کارکنان نقشہ دیکھ کر اپنی ڈیوٹی معلوم کر لیں اور اپنے ناظم صاحب سے مل کر ڈیوٹی کے متعلق ہدایات حاصل کر لیں۔

(افسر جلسہ سالانہ)

## ضروری اعلان

جلسہ سالانہ کے مہمانوں کے لئے گذشتہ سالوں میں جو پرائیویٹ قیام گاہ میدان عقب خلافت لائبریری میں ہوا کرتی تھی اس کا زیادہ حصہ امسال احاطہ جامعہ احمدیہ میں منتقل کر دیا گیا ہے کیونکہ اس جگہ زنانہ جلسہ گاہ بنائی گئی ہے۔ احباب مطلع رہیں۔

(ناظم مکانات جلسہ سالانہ)

## معائنہ انتظامات جلسہ سالانہ

جملہ ناظمین و معاونین جلسہ سالانہ کی خدمت میں گزارش ہے کہ مہربانی فرما کر ۲۲ دسمبر ۱۹۷۸ء بروز جمعہ بوقت تین بجے شام احاطہ دفتر جلسہ سالانہ میں تشریف لے آئیں۔ انشاء اللہ انتظامات جلسہ کا معائنہ ہوگا۔ (افسر جلسہ سالانہ)

پبلشر: مسعود احمد ۔ پرنٹر: سید عبدالحی ۔ مطبع: ضیاء الاسلام پریس ربوہ ۔ مقامِ اشاعت: دفتر الفضل دارالرحمت غربی ربوہ

روزنامہ الفضل ربوہ
۱۷ محرم ۱۳۹۹ھ
۱۸ فتح ۱۳۵۷ ہش

Digitized by Khilafat Library Rabwah

# فضل کے دروازوں میں سے ایک بلند دروازہ

مارچ ۱۸۸۲ء کی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ نے سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کو اس حال میں کہ آپ قادیان ایسی دُور افتادہ و غیر معروف بستی میں گوشہ نشینی و گمنامی کی زندگی بسر کر رہے تھے۔ الہامِ خاص کے ذریعہ مخاطب کر کے فرمایا:۔

"اَلَا اِنَّ نَصْرَ اللّٰہِ قَرِیْبٌ۔ یَاْتِیْکَ مِنْ کُلِّ فَجٍّ عَمِیْقٍ۔ یَاْتُوْنَ مِنْ کُلِّ فَجٍّ عَمِیْقٍ۔ یَنْصُرُکَ اللّٰہُ مِنْ عِنْدِہٖ۔ یَنْصُرُکَ رِجَالٌ نُوْحِیْ اِلَیْھِمْ مِّنَ السَّمَآءِ۔ لَا مُبَدِّلَ لِکَلِمَاتِ اللّٰہِ" (براہین احمدیہ حصہ سوم صفحہ ۲۴۱)

ترجمہ: "خبردار رہو کہ خدا کی مدد تجھ سے قریب ہے۔ وہ مدد ہر ایک دور کی راہ سے تجھے پہنچے گی اور ایسی راہوں سے پہنچے گی کہ وہ راہ لوگوں کے بہت چلنے سے جو تیری طرف آئیں گے گہرے ہو جائیں گے اور اس کثرت سے لوگ تیری طرف آئیں گے کہ جن راہوں پر وہ چلیں گے وہ عمیق ہو جائیں گی۔ خدا اپنی طرف سے تیری مدد کرے گا۔ تیری مدد وہ لوگ کریں گے جن کے دلوں میں ہم اپنی طرف سے الہام کریں گے۔ خدا کی باتوں کو کوئی ٹال نہیں سکتا۔"

(تذکرہ طبع سوم صفحہ ۵۰)

اللہ تعالیٰ نے اُس وقت جبکہ آپؑ اکیلے تھے اور کوئی آپؑ کو جانتا نہ تھا، نہ صرف یہ کہ آپؑ کو لوگوں کے بکثرت آپؑ کی طرف رجوع کی خبر دی بلکہ ساتھ ہی آپؑ کو دو حکم بھی دیئے جن میں سے پہلا حکم یہ تھا کہ:۔

"وَسِّعْ مَکَانَکَ" (سراج منیر)

یعنی اپنے مکان کو وسیع کر لے!

اور دوسرا حکم اللہ تعالیٰ نے یہ دیا:۔

"وَلَا تُصَعِّرْ لِخَلْقِ اللّٰہِ وَلَا تَسْئَمْ مِنَ النَّاسِ"

(براہین احمدیہ حصہ سوم صفحہ ۲۴۲)

ترجمہ: "اور یاد رکھ کہ وہ زمانہ آتا ہے کہ لوگ کثرت سے تیری طرف رجوع کریں گے۔ سو تیرے پر واجب ہے کہ تو ان سے بد خلقی نہ کرے اور تجھے لازم ہے کہ ان کی کثرت کو دیکھ کر تھک نہ جائے۔"

(تذکرہ طبع سوم حاشیہ صفحہ ۵۲)

یہ دونوں حکم اس امر پر شاہد تھے۔ ہیں اور ہمیشہ رہیں گے کہ بہت جلد وہ وقت آنے والا ہے کہ آپؑ مرجع خلائق بنیں گے اور بنے رہیں گے۔ اور آپؑ کی طرف رجوع خلائق بڑھتا ہی چلا جائے گا۔ خدا تعالیٰ خود لوگوں کے دلوں میں الہام کر کر کے انہیں آپؑ کے پاس لائے گا اور وہ آتے ہی چلے جائیں گے اور آئیں گے بھی دور دور سے اور اس کثرت کے ساتھ کہ جن راستوں سے چل کر آئیں گے وہ ان کے چلنے کی وجہ سے عمیق ہو جائیں گے۔ اس لئے ضروری ہے کہ ان کو ٹھہرانے کے لئے اپنے مکانوں کو وسیع کرتے چلے جاؤ اور چونکہ آنے والوں کی تعداد میں اضافہ ہی ہوتا چلا جائے گا اس لئے لازم ہے کہ بکثرت آنے والوں کے آرام و آسائش کا اہتمام کرنے میں تمہاری مستعدی اور سرگرمی میں اضافہ ہوتا چلا جائے تاکہ تھکنے یا اکتانے کا سوال ہی پیدا نہ ہو۔

چنانچہ بہت جلد وہ وقت آیا کہ اللہ تعالیٰ نے آپؑ کو مسیح موعودؑ کے منصب پر فائز کیا اور احیاءِ دینِ اسلام کا عظیم الشان کام آپؑ کے سپرد فرمایا اور دنیا کی سعید روحیں آپؑ کی طرف کھنچی چلی آئیں۔ اسی ضمن میں اللہ تعالیٰ نے آپؑ کے ذریعہ جلسہ سالانہ کی بنیاد رکھوائی اور اس کے متعلق آپؑ نے اللہ تعالیٰ سے خبر پا کر یہ اعلان فرمایا:۔

"اس جلسہ کو معمولی انسانی جلسوں کی طرح خیال نہ کریں۔ یہ وہ امر ہے جس کی خالص تائید حق اور اعلاء کلمۂ اسلام پر بنیاد ہے۔ اس سلسلہ کی بنیاد کی اینٹ خدا تعالیٰ نے اپنے ہاتھ سے رکھی ہے اور اس کے لئے قومیں تیار کی ہیں جو عنقریب اس میں آملیں گی کیونکہ یہ اُس قادر کا فعل ہے جس کے آگے کوئی بات انہونی نہیں۔"

(اشتہار ۷ دسمبر ۱۸۹۲ء)

اس جلسہ میں شرکت کے لئے صرف ایک ملک یا علاقے سے نہیں بلکہ دنیا کے کونہ کونہ سے لوگوں کے کھنچے چلے آنا تھا اور یَاْتُوْنَ مِنْ کُلِّ فَجٍّ عَمِیْقٍ کی بشارت اس جلسہ کے ذریعہ بھی نہایت شان کے ساتھ پوری ہونی تھی اس لئے حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے دائمی طور پر اپنے متبعین سے یہ عہد لیا کہ وہ زندگی بھر سال بہ سال اس جلسہ میں شامل ہوتے چلے جائیں گے اور ادنیٰ ادنیٰ حرجوں کی پرواہ نہیں کریں گے۔ چنانچہ ایک دنیا اس کی شاہد ہے اور ہر سال دنیا یہ مشاہدہ کرتی ہے کہ ہر سال ہی اسلام کے فدائی اس جلسہ میں شمولیت کی سعادت حاصل کرنے کے لئے دنیا کے کونہ کونہ سے کھنچے چلے آتے ہیں اور سال بہ سال ان کی تعداد میں اضافہ ہی ہوتا چلا آرہا ہے اور ان شاء اللہ العزیز ہوتا ہی چلا جائے گا۔ کیونکہ یہ اس قادر کا فعل ہے جس کے آگے کوئی بات انہونی نہیں۔ لوگوں کا دنیا کے کونہ کونہ سے ہر سال پہلے کی نسبت زیادہ تعداد میں کھنچے چلے آنا آسمان پر مقدر ہو چکا ہے۔ اسی لئے حضور علیہ السلام نے اس آسمانی تقدیر سے لوگوں کو آگاہ کرتے ہوئے فرمایا ہے:۔

"عجب مدار اگر خلق سوئے ما بدوند — کہ ہر کجا کہ غنی مے بود گدا باشد"

(اگر مخلوقات ہماری طرف دوڑ کر آئے تو تعجب نہ کر کیونکہ جہاں دولتمند ہوتا ہے وہاں حاجت مند جمع ہو جاتے ہیں)

"منم مسیح بہانگ بلند مے گویم — منم خلیفۂ شاہے کہ بر سما باشد"

(میں بلند آواز سے کہتا ہوں کہ میں ہی مسیح ہوں۔ اور میں اس بادشاہ کا خلیفہ ہوں جو آسمان پر ہے)

(باقی صفحہ ۵ پر ملاحظہ فرمائیں)

سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام کا منظوم عربی کلام:

# اِنَّ الْوَرٰی مِنْ کُلِّ فَجٍّ یَجِیْئُنِیْ

## (مخلوق ہر راہ سے میرے پاس آرہی ہے)

وَاِنَّ الْوَرٰی مِنْ کُلِّ فَجٍّ یَجِیْئُنِیْ — وَیَسْعٰی اِلَیْنَا کُلُّ مَنْ کَانَ یُبْصِرُ

اور مخلوق ہر ایک راہ سے میرے پاس آرہی ہے اور ہر ایک دیکھنے والا میری طرف دوڑا آرہا ہے

وَکَمْ مِّنْ عِبَادٍ اٰثَرُوْنِیْ بِصِدْقِھِمْ — عَلَی النَّفْسِ حَتّٰی خُوِّفُوْا ثُمَّ دُمِّرُوْا

بہت سے بندے ایسے ہیں جنہوں نے اپنی جان پر مجھ کو اختیار کر لیا باوجود اس کے کہ ان کو ڈرایا دھمکایا گیا پھر ان کو قتل کر دیا گیا

تَجَلّٰی عَلَیْھِمْ رَبُّھُمْ رَبُّ مَا بَدَا — فَفَرُّوْا اِلَی النُّوْرِ الْقَدِیْمِ وَاَیْدَرُوْا

ان پر ان کا خدا جلوہ گر ہوا جو تمام مخلوقات کا خدا ہے پس وہ نور قدیم کی طرف جلدی سے بھاگے

تَرَاھُمْ لَفَیْضِ دُمُوْعِھِمْ مِنْ صَبَابَۃٍ — وَفِی الْقَلْبِ نِیْرَانٌ وَرَأْسٌ مُغَبَّرُ

اے مخاطب تو دیکھے گا کہ ان کے آنسو غلبۂ محبت کی وجہ سے جاری ہیں اور دل میں ایک آگ ہے اور سر پر غبار ہے

یُمِیْلُوْنَ قَلْبَ الْخَلْقِ نَحْوَ نُفُوْسِھِمْ
وہ لوگوں کے دلوں کو اپنی طرف مائل کر لیتے ہیں

بِنَاظِرَۃٍ تَصْبُوْ اِلَیْھَا الْخَوَاطِرُ
ایسی آنکھ کے ساتھ جس کو دیکھ کر دل کھنچے چلے آتے ہیں

(براہین احمدیہ حصہ پنجم مطبوعہ ۱۶۱/۱۶۳)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

# ہمارا جلسہ سالانہ

مکرم مولوی روشن دین صاحب مربی سلسلہ احمدیہ مقیم کوئٹہ

## جلسہ کا جواز

جلسے جن میں اصلاح نفس ہو جائز ہی نہیں ہوتے بلکہ ضروری ہوتے ہیں اور علوم کا سیکھنا بھی اس کی ایک شاخ ہے۔ اس بارے میں بھی آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد بدیں الفاظ مروی ہے۔

طلب العلم فریضۃ علیٰ کل مسلم ومسلمۃ

یعنی علم کا طلب کرنا اور سیکھنا ہر مسلمان مرد اور عورت پر فرض ہے۔

نیز فرمایا:۔

اطلبوا العلم لو کان بالصین

علم سیکھو خواہ اس کے لئے تمہیں چین جانا پڑے

مزید برآں مروی ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت اویس قرنی کی زیارت کے لئے سفر کیا تھا۔ اور اسی طرح ہمارے علماء سلف نے بھی علوم سیکھنے اور اپنے پیر و مرشد کی ملاقات کرنے کے لئے کئی سفر کئے تھے۔ جیسے حضرت شیخ عبدالقادر یا بایزید بسطامی اور حضرت معین الدین چشتی اور حضرت مجدد الف ثانی رضی اللہ عنہم نے سفر بدیں اغراض کئے۔ چنانچہ ان کے سفر نامے مشہور و معروف ہیں۔ تو نہایت صاف اور واضح ہے۔ کہ نیک اغراض کے لئے سفر از حد مبارک ہوتے ہیں۔ بلکہ حضرت محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے طالب علم کے حق میں بدیں الفاظ فرمایا ہے۔

من سلک طریقاً یطلب بہ علماً سھل اللہ لہ طریق الجنۃ

یعنی جو شخص علم کی طلب و تلاش میں سفر کرے تو اللہ تعالےٰ بہشت کی راہ اس پر آسان کر دیتا ہے۔

## وعظ و نصیحت کے لئے وقت مقرر کرنا

وعظ و نصیحت کے لئے وقت کی تعین از بس ضروری ہے۔ اور یہ مسنون طریق ہے۔ اس لئے امام بخاری رحمہ نے اپنی صحیح میں تاریخ مقرر کرنے کے لئے ایک باب خاص باندھا ہے جس کا عنوان ہے

"ومن جعل اھل العلم ایاماً معلومۃ"

یعنی علم کے طالبوں کے افادہ کے لئے خاص دنوں کا مقرر کرنا

اس ثبوت کے لئے امام صاحب ابو وائل سے یہ روایت لائے ہیں

وکان عبد اللہ یذکر الناس فی کل خمیس۔

یعنی حضرت عبداللہ نے اپنے وعظ کے لئے جمعرات کا دن مقرر کر رکھا تھا۔ اور لوگ اس دن ہی وعظ سننے کے لئے آیا کرتے تھے۔ تو صاف اور واضح طور پر معلوم ہوا کہ وعظ و نصیحت کے لئے ایک خاص دن یا تاریخ مقرر کر کے لوگ سننے کے لئے آسکتے ہیں۔ یہ جائز ہے۔

## آخری زمانہ کے متعلق پیشگوئی

آخری زمانہ کے متعلق کئی پیشگوئیاں ہیں۔ ان میں سے ایک یہ بھی ہے

وَاِذَا النُّفُوْسُ زُوِّجَتْ (۸۱/۷)

اور جب مختلف نفوس جمع کئے جائیں گے۔

یعنی سفر آسان ہو جائیں گے۔ اور مختلف ملکوں کے لوگ ریلوں اور جہازوں کے ذریعہ آپس میں ملنے کے قابل ہو جائیں گے اور اگرچہ ساری دنیا ایک خاندان کی طرح ہوتی جا رہی ہے۔ مگر اس جلسہ کے قیام کے ذریعہ بھی پیشگوئی کا ایک پہلو نمایاں طور پر پورا ہوتا ہے۔

نیز اس سورۃ میں جملہ پیشگوئیاں ہی ایسی ہیں۔ جو آخری زمانہ سے تعلق رکھتی ہیں۔ جس میں حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی بعثت ہونے والی تھی۔ اور اگر ان آیات کے ترجمہ پر ذرا غور و خوض کریں۔ مثلاً جب سورج کو لپیٹ دیا جائے گا۔ اور جب ستارے دھندلے ہو جائیں گے اور جب پہاڑوں کو چلایا جائے گا۔ تو پھر کیا ہوگا تو پھر ہدایت کے لئے شمع جلائی جائے گی وہ گمراہی کے جانے کا وقت ہوگا۔ اور طلوع صبح بالکل قریب ہوگی۔ اور یہ وہی زمانہ ہے کہ جس میں حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بعثت ہوئی۔ چنانچہ آنحضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے قرآن مجید کی پیشگوئیاں درج فرما کر بدیں الفاظ تحریر فرمایا۔

"اور علاوہ نصوص صریحہ قرآن شریف اور احادیث کے تمام اکابر اہل کشوف کا اس پر اتفاق ہے۔ کہ چودھویں صدی وہ آخری زمانہ ہے جس میں مسیح موعود ظاہر ہوگا ہزارہا اہل اللہ کے دل اسی طرف مائل رہے ہیں کہ مسیح موعود کے ظہور کا زمانہ غایت کار چودھویں صدی ہے اس سے بڑھ کر ہرگز نہیں۔ چنانچہ نواب صدیق حسن خان نے اپنی کتاب حجج الکرامہ میں اس بات کو لکھا ہے۔"

(تحفہ گولڑویہ صفحہ ۹۱)

بہرحال وَاِذَا النُّفُوْسُ زُوِّجَتْ کی پیشگوئی کا آخری زمانہ میں پورا ہونا۔ دنیا کا ایک خاندان بن کر اور جلسہ سالانہ کے قیام کی صورت میں بذریعہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام ایک ناقابل تردید حقیقت ہے۔

## جلسہ کے متعلق الہاماً پیشگوئی

خدا تعالےٰ کا کتنا فضل نازل ہوا کہ اس نے خود آنحضور صلے اللہ علیہ وسلم کو بشارت دی کہ باوجود روکاوٹوں کے لوگ تیرے پاس اتنے آئیں گے کہ امکان ہے کہ تو گھبرا جائے۔ سو الہام کے الفاظ یہ ہیں۔

وَلَا تُصَعِّرْ لِخَلْقِ اللّٰہِ وَلَا تَسْئَمْ مِنَ النَّاسِ وَوَسِّعْ مَکَانَکَ

(تذکرہ صفحہ ۶۲۰)

اور چاہیئے کہ تو مخلوق الٰہی ملنے کے وقت چیں بجبیں نہ ہو۔ اور چاہیئے کہ تو لوگوں کی کثرت ملاقات سے تھک نہ جائے اور تجھے لازم ہے کہ اپنے مکانوں کو وسیع کرے۔ تا لوگ جو کثرت سے آئیں گے ان کو اترنے کے لئے کافی گنجائش ہو۔

نیز الہاماً خداوند تعالےٰ نے فرمایا۔

وَلَا تَیْئَسْ مِنْ رَّوْحِ اللّٰہِ۔ اَلَا اِنَّ رَوْحَ اللّٰہِ قَرِیْبٌ۔ اَلَا اِنَّ نَصْرَ اللّٰہِ قَرِیْبٌ۔ یَاْتِیْکَ مِنْ کُلِّ فَجٍّ عَمِیْقٍ۔ یَاْتُوْنَ مِنْ کُلِّ فَجٍّ عَمِیْقٍ۔

(براہین احمدیہ حصہ سوم بحوالہ تذکرہ صفحہ ۵۰)

اور تم خدا کی رحمت سے نومید مت ہو۔ خبردار ہو کہ خدا کی رحمت قریب ہے۔ خبردار ہو کہ خدا کی مدد تجھ سے قریب ہے۔ وہ مدد ہر ایک دور کی راہ سے تجھے پہنچے گی اور ایسی راہوں سے پہنچے گی کہ وہ راہ لوگوں کے بہت چلنے سے جو تیری طرف آئیں گے۔ گہرے ہو جائیں گے اور اس کثرت سے لوگ تیری طرف آئیں گے کہ جن راہوں پر وہ چلیں گے وہ عمیق ہو جائیں گے۔

بے شک جس وقت پیشگوئی کے الفاظ شائع کئے گئے تھے۔ اس وقت ان الفاظ کا پورا ہونا جنون خیال کیا جاتا۔ مگر آج ایک عالم حقیقت بن کر خود اپنی صداقت پیشگوئی منوا رہی ہے۔ جیسے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ایک اردو شعر ہے ؎

وہ خدا جو کہ ہے خوبرو شناس
اک جہاں کو لا رہا ہے میرے پاس

## جلسہ سالانہ کی بنیاد کب رکھی گئی

حضرت مسیح موعود علیہ السلام اس بارہ میں بایں الفاظ تحریر فرماتے ہیں۔

"اب جو ۲۷ دسمبر ۱۸۹۱ء کو دینی مشورہ کے لئے جلسہ کیا گیا۔ اس جلسہ پر جس قدر احباب محض للہ تکلیف سفر اٹھا کر حاضر ہوئے۔ خدا ان کو جزائے خیر بخشے اور ان کے ہر قدم کا ثواب ان کو عطا فرماوے۔ آمین ثم آمین"

(مجموعہ اشتہارات جلد اول صفحہ ۳۰۳ و صفحہ ۳۰۴)

## آئندہ کے لئے جلسے کی تاریخیں بھی مقرر فرما دیں

حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے تحریر فرمایا۔

"سو میرے خیال میں بہتر ہے کہ وہ تاریخ ۲۷ دسمبر سے ۲۹ دسمبر تک قرار پائے یعنی آج کے دن جو ۲۰ دسمبر ۱۸۹۱ء ہے آئندہ اگر ہماری زندگی میں ۲۷ دسمبر آجاوے تو حتی الوسع تمام دوستوں کو محض للہ ربانی باتوں کے سننے کے لئے اور دعا میں شریک ہونے کے لئے اس تاریخ پر آجانا چاہیئے۔"

(مجموعہ اشتہارات جلد اول صفحہ ۳۰۴)

## جلسہ کی غرض و غایت

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام تحریر فرماتے ہیں۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah



"تمام مخلصین داخلین سلسلہ بیعت اس عاجز پر ظاہر ہو کہ بیعت کرنے سے غرض یہ ہے کہ تا دنیا کی محبت منقطع ہو اور اپنے مولا کریم اور رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت دل پر غالب آجائے اور ایسی حالت انقطاع پیدا ہو جائے جس سے سفر آخرت مکروہ معلوم نہ ہو۔ لیکن اس غرض کے حصول کے لئے صحبت میں رہنا اور ایک حصہ اپنی عمر کا اس راہ میں خرچ کرنا ضروری ہے تا اگر خدا تعالیٰ چاہے تو کمی ایمان یقینی کے مشاہدہ سے کمزوری اور ضعف اور کسل دور ہو اور یقین کامل پیدا ہو کر ذوق اور شوق اور ولولہ عشق پیدا ہو جائے۔ سو اس بات کے لئے ہمیشہ فکر رکھنا چاہیئے اور کرنا چاہیئے کہ خدا تعالیٰ یہ توفیق بخشے اور جب تک یہ توفیق حاصل نہ ہو کبھی کبھی ضرور ملنا چاہیئے۔ کیونکہ سلسلہ بیعت میں داخل ہو کر پھر ملاقات کی پرواہ نہ رکھنا ایسی بیعت سراسر بے برکت اور صرف ایک رسم کے طور پر ہوگی۔" (مجموعہ اشتہارات جلد اول صفحہ ۳۰۲)

نیز تحریر فرمایا:-

"اس جلسہ کے اغراض میں سے بڑی غرض تو یہ ہے کہ تا ہر ایک مخلص کو بالمواجہ دینی فائدہ اٹھانے کا موقع ملے۔ اور ان کے معلومات وسیع ہوں اور خدا تعالیٰ کے فضل و توفیق سے ان کی معرفت ترقی پذیر ہو۔"

(اشتہار ۲ دسمبر ۱۸۹۲ء)

مزید رقم فرمایا:

"اس جلسہ سے مدعا اور اصل مطلب یہ تھا کہ ہماری جماعت کے لوگ کسی طرح بار بار کی ملاقاتوں سے ایک ایسی تبدیلی اپنے اندر پیدا کر لیں کہ ان کے دل آخرت کی طرف بکلی جھک جائیں اور ان کے اندر خدا تعالیٰ کا خوف پیدا ہو اور زہد اور تقویٰ اور خدا ترسی اور پرہیزگاری اور نرمی دل اور باہم محبت اور مواخات میں دوسروں کے لئے ایک نمونہ بن جائیں اور انکساری اور تواضع اور راستبازی ان میں پیدا ہو اور دینی مہمات کے لئے سرگرمی اختیار کریں۔" (شہادت القرآن)

## باہمی تعارف اور اخوت

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے یہ بھی جلسہ سالانہ کا فائدہ بیان فرمایا:-

"اور ایک ضمنی فائدہ ان جلسوں میں یہ بھی ہوگا کہ ہر ایک نئے سال جس قدر نئے بھائی اس جماعت میں داخل ہونگے وہ تاریخ مقررہ پر حاضر ہو کر اپنے نئے بھائیوں کے منہ دیکھ لیں گے اور روشناسی ہو کر آپس میں رشتہ تو دو تعارف ترقی پذیر ہوتا رہے گا۔ اس جلسہ میں..... تمام بھائیوں کو روحانی طور پر ایک کرنے کے لئے اور ان کی خشکی اور اجنبیت اور نفاق کو درمیان سے اٹھا دینے کے لئے بدرگاہ حضرت عزت جل شانہ کوشش کی جائے گی۔ اور اس روحانی جلسہ میں اور بھی کئی روحانی فوائد اور مواقع ہوں گے۔ جو انشاء اللہ العزیز وقتاً فوقتاً ظاہر ہوتے رہیں گے۔"

(آسمانی فیصلہ)

## دینی ہمدردی کے لئے تدابیر

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے یہ تدابیر دینی ہمدردی کے لئے بھی تحریر فرمائی ہے:-

"ماسوا اس جلسہ میں یہ بھی ضروریات میں سے ہے کہ یورپ اور امریکہ کی دینی ہمدردی کے لئے تدابیر حسنہ پیش کی جائیں کیونکہ اب یہ ثابت شدہ امر ہے کہ یورپ اور امریکہ کے سعید لوگ اسلام کے قبول کرنے کے لئے تیار ہو رہے ہیں۔ ..... یہ وہ امر ہے جس کی خالص تائید حق اور اعلائے کلمہ اسلام پر بنیاد ہے۔ اس سلسلہ کی بنیاد کو اس ہاتھ سے خدا تعالیٰ نے اپنے ہاتھ سے رکھی ہے اور اس کے لئے قومیں تیار کی ہیں جو عنقریب اس میں آملیں گی۔ کیونکہ اس قادر خدا کا قول ہے۔ جس کے آگے کوئی بات انہونی نہیں ہے۔" (اشتہار ۲ دسمبر ۱۸۹۲ء)

## پاک تبدیلی کیلئے دعا

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے حاضرین جلسہ میں پاک تبدیلی پیدا کرنے کے لئے دعائیں کرنے کا فائدہ بھی تحریر فرمایا ہے:-

"اس جلسہ میں ایسے حقائق و معارف سنانے کا شغل رہے گا۔ جو ایمان اور یقین اور معرفت کو ترقی دینے کے لئے ضروری ہیں اور نیز ان دوستوں کے لئے خاص دعائیں اور خاص توجہ ہوگی اور حتی الوسع بدرگاہ رب العالمین کوشش کی جائے گی کہ خدا تعالیٰ اپنی طرف ان کو کھینچے اور اپنے لئے قبول کرے اور پاک تبدیلی ان میں بخشے۔"

(آسمانی فیصلہ)

## وفات یافتہ بھائیوں کیلئے دعائے مغفرت

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ایک غرض جلسہ کی یہ بھی رقم فرمائی ہے کہ اس عرصہ میں جو احباب وفات پا گئے ہیں۔ ان کے لئے دعائے مغفرت کی جائے۔ چنانچہ آپ مدعیں غرض مندرجہ ذیل الفاظ تحریر فرماتے ہیں:

"جو بھائی اس عرصہ میں اس سرائے فانی سے انتقال کر جائے گا۔ اس جلسہ میں اس کے لئے دعائے مغفرت کی جائے گی۔" (آسمانی فیصلہ)

## جلسہ سالانہ پر آنے کی تاکید اور دعا

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے جلسہ میں شمولیت کے لئے تاکید کرتے ہوئے دعا کی اور یہ رقم فرمایا:-

"لازم ہے کہ اس جلسہ پر جو کہ بابرکت مصالح پر مشتمل ہے۔ ہر ایک ایسے صاحب ضرور تعریف لاویں جو زاد راہ کی استطاعت رکھتے ہوں..... اور اللہ اور اس کے رسول کی راہ میں ادنیٰ ادنیٰ حرجوں کی پرواہ نہ کریں۔ خدا تعالیٰ مخلصوں کو ہر ایک قدم پر ثواب دیتا ہے اور اس کی راہ میں کوئی محنت اور صعوبت ضائع نہیں ہوتی۔ ....."

"میں دعا پر ختم کرتا ہوں کہ ہر ایک صاحب جو للہی جلسہ کے لئے سفر اختیار کریں۔ خدا تعالیٰ ان کے ساتھ ہو اور ان کو اجر عظیم بخشے اور ان پر رحم کرے اور ان کی مشکلات اور اضطراب کے حالات ان پر آسان کر دیوے اور ان کے ہم و غم دور فرمائے اور ان کو ہر ایک تکلیف سے مخلصی عنایت کرے اور ان کی مرادات کی راہیں ان پر کھول دیوے اور روز آخر میں اپنے ان پیاروں کے ساتھ ان کو اٹھاوے جن پر اس کا رحم و فضل ہو۔ اور تا اختتام سفر ان کے بعد ان کا خلیفہ ہو۔ اے خدا۔ اے ذوالمجد والعطا اور رحیم اور مشکل کشا یہ تمام دعائیں قبول کر اور ہمیں ہمارے مخالفوں پر روشن نشانوں کے ساتھ غلبہ عطا فرما کہ ہر ایک قوت اور طاقت تجھ کو ہی ہے۔ آمین ثم آمین۔"

(اشتہار ۲ دسمبر ۱۸۹۲ء)

## جلسہ سالانہ میں شامل ہونیوالے ابھی سے فکر نہ کریں۔

حضرت امام الزمان علیہ الصلوٰۃ والسلام قبل از وقت جلسہ سالانہ میں شمولیت کے لئے تیاری کرنے کے بارہ میں فکر کرنے کے متعلق تاکید کرتے ہوئے تحریر فرماتے ہیں:-

"کم مقدرت احباب کے لئے مناسب ہوگا کہ پہلے ہی سے اس جلسہ میں حاضر ہونے کا فکر کریں اور اگر تدبیر اور قناعت شعاری سے کچھ تھوڑا تھوڑا سرمایہ خرچ سفر کے لئے ہر روز یا ماہ بماہ جمع کرتے جائیں اور الگ رکھتے جائیں تو بلا دقت سرمایہ سفر میسر ہو جائے گا..... اور حتی الوسع والطاقت تاریخ مقررہ پر حاضر ہونے کے لئے اپنی آئندہ زندگی میں عہد کر لیں اور بدل و جان پختہ عزم سے حاضر ہو جایا کریں۔ بجز ایسی صورت کہ ایسے موانع پیش آجائیں جن میں سفر کرنا اپنی حد اختیار سے باہر ہو جائے۔"

(آسمانی فیصلہ)

# لجنات توجہ فرمائیں

جیسا کہ لجنات کے علم میں ہے کہ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز تحریک جدید کے سال نو کا اعلان فرما چکے ہیں۔ چنانچہ جملہ لجنات حسب ذیل گزارشات تعمیل فرمائیں۔

(۱) کوشش کریں کہ آپ کی مجلس کی صد فی صد ممبرات اس جہاد میں شریک ہوں۔

(۲) گذشتہ وعدہ جات پر کم از کم ۱۰ فی صد اضافہ پیش کیا جائے۔

(۳) کم از کم وعدہ بیس روپے ہے۔ حسب حیثیت اس سے بڑے وعدے پیش کئے جائیں۔

(۴) مجلس کا مجموعی وعدہ کم از کم ٹارگٹ سے کم نہیں ہونا چاہیئے یعنی جس مجلس میں ۱۰ ممبرات ہیں ان کا مجموعی وعدہ کم از کم ۲۰۰/- روپے ہونا چاہیئے۔

(۵) وعدہ جات کی ادائیگی کی طرف ساتھ ساتھ توجہ کی جائے۔

(۶) تحریک جدید کا چندہ سیکرٹری صاحب مال کو ادا کیا جائے۔ صرف وہ لجنات یہ چندہ وصول کریں جنہیں امیر صاحب کی طرف سے ہدایت ہو۔ جو چندہ وصول ہو لجنات دفتر لجنہ اماء اللہ مرکزیہ میں بھجوانے کی بجائے جماعت کے سیکرٹری مال کو ادا کریں۔

اگر تمام لجنات دعا اور کوشش سے کام لیں گی تو انشاء اللہ ٹارگٹ پورا کرنے میں ضرور کامیاب ہو جائیں گی۔

(سیکرٹری تحریک جدید لجنہ اماء اللہ مرکزیہ)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

# ہمارا جلسہ سالانہ

## کارکنان جلسہ سالانہ سے حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ کی توقعات

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز جلسہ سالانہ کے موقع پر رضاکارانہ خدمت کے سلسلہ میں فرماتے ہیں:-

"اس خدمت کو معمولی نہ سمجھو۔ بڑی برکتوں والی ہے یہ خدمت! ان چند دنوں کو خدا کے لئے ۲۴ گھنٹے اگر آپ وقف کر دیں تو آپ اس سے مر نہیں جاتے نہ ایسے کمزور ہو جاتے ہیں کہ ہمیشہ کے لئے بیمار ہو جائیں۔ کوئی مستقل بیماری یا نقص آپ کے اندر پیدا نہیں ہوتا۔ تھوڑی سی تکلیف ہی ہے جو آپ نے برداشت کرنی ہے لیکن اس کے بدلہ میں اس قدر رحمتیں ہیں جس کا آپ نے وارث بننا ہے۔ یہ آپ کا دماغ یا کسی اور انسان کا دماغ اس کا تصور بھی نہیں کر سکتا۔

پس ہمارے وہ بچے یا ہمارے وہ بھائی جو اس خدمت کی برکات کی اور اس خدمت میں حاصل ہونے والی رحمتوں کی طرف متوجہ نہیں ہوئے انہیں میں متوجہ کرتا ہوں کہ ۲۴ گھنٹے حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے مہمانوں کی خدمت میں گزار کر اللہ تعالیٰ کی بے شمار رحمتوں اور اس کے ان گنت فضلوں کا وارث بننے کی کوشش کریں۔"

(الفضل ۸ جون ۱۹۶۸ء)

(اخبار جلسہ سالانہ)

---

# قطعات محاسن قرآن مجید

گزشتہ سال حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ بنصرہ العزیز کے ارشاد کے تحت نظارت ہذا نے قرآن مجید کے محاسن کے متعلق حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے اشعار و اقوال نہایت دیدہ زیب اور جاذب نظر رنگین دس قطعات پر مشتمل دو ہزار سیٹ تیار کروائے تھے جو اصل لاگت پر فروخت ہوئے اور بہت جلد ختم ہو گئے اور بہت سی جماعتوں کے مطالبات پورے نہ ہو سکے۔

امسال جلسہ سالانہ کے موقع پر احباب کے مطالبہ پر دوبارہ ان قطعات کے مزید ایک ہزار سیٹ شائع کئے جا رہے ہیں جو گزشتہ سال کی طرح اصل لاگت پر ہی فروخت کئے جائیں گے۔

یہ قطعات گھروں اور دیگر مقامات وغیرہ میں آویزاں کرنے کے لئے بہت مناسب ہیں اور تبلیغی لحاظ سے بھی بہت مفید ہیں با لخصوص قرآن کریم کی تعلیم پر عمل کرنے کی تحریک کا موجب بنتے ہیں۔

جو جماعتیں یہ سیٹ خریدنا چاہیں وہ فوری طور پر مطلع فرمائیں یا پیشگی ادائیگی کر کے اپنے لئے ریزرو کروا لیں۔

(ایڈیشنل ناظر اصلاح و ارشاد (تعلیم القرآن)

---

# ماہنامہ تحریک جدید (سالنامہ)

رسالہ تحریک جدید کا سالنامہ انشاء اللہ جلسہ سالانہ کے موقع پر احباب کی خدمت میں پیش کر دیا جائے گا۔ جو قارئین یہ پرچہ جلسہ سالانہ کے موقع پر حاصل نہ کر سکیں۔ انہیں یہ جنوری میں بذریعہ ڈاک ارسال کر دیا جائے گا۔ سالنامہ کی قیمت دو روپے ہوگی۔ جبکہ پرچہ کا سال بھر کا چندہ صرف پانچ روپے ہے۔ مستقل خریداروں کو سال بھر کے چندہ میں یہ شمارہ مفت دیا جائے گا۔ لہٰذا دوستوں سے درخواست ہے کہ پانچ روپے ادا کر کے سال بھر کے لئے اس رسالہ کے خریدار بن جائیں۔

کچھ احباب کا چندہ ختم ہو چکا ہوا ہے لیکن انہیں پرچہ باقاعدہ بھجوایا جا رہا ہے ایسے دوستوں سے التماس ہے کہ جلسہ سالانہ کے موقع پر ماہنامہ تحریک جدید کے سٹال پر چندہ کی ادائیگی فرما کر عند اللہ ماجور ہوں۔

(مینیجنگ ایڈیٹر ماہنامہ "تحریک جدید" ربوہ)

○

## "اداریہ" بقیہ صفحہ (۲)

"مقدر است کہ روزے بریں ادیم زمیں ہزار ہا دل و جاں بر رہم فدا باشد"

(یہ بات مقدر ہو چکی ہے کہ ایک دن روئے زمین پر ہزاروں جان و دل میری راہ میں قربان ہوں گے)

"گشادہ اند در فضل گر کنوں تائی ز نامساعدی بخت نارسا باشد"

(فضل کے دروازے کھولے گئے ہیں اگر تو اب بھی نہ آئے تو یہ تیری بدبختی کی نحوست ہے)

"قدم بمنزل روحانیاں نہ کہ حزیں جہان و کار جہاں جملہ ابتلا باشد"

(روحانی لوگوں کی منزل میں قدم رکھ کہ بغیر اس کے دنیا اور دنیا کے سب کام ابتلا ہی ابتلا ہیں)

"مرو بہ خردی نزد ما بیا و نشیں کہ ظل اہل صفا موجب شفا باشد"

(بے وقوفی سے چلا نہ جا بلکہ ہمارے پاس آ کر بیٹھ کہ اہل اللہ کا سایہ شفا کا موجب ہوا کرتا ہے)

"مقیم حلقہ ابرار باش روزے چند مگر عنایت قادر گرہ کشا باشد"

(کچھ دن نیکوں کے حلقہ میں آ کر بسر کر شاید اس قادر کی مہربانی تیری عقدہ کشائی کر دے)

(تریاق القلوب)

چونکہ سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ذریعہ اس آخری زمانہ میں فضل کے دروازے کھولے گئے ہیں اور فضل کے ان دروازوں میں سے ایک بلند دروازہ ہمارا مقدس و بابرکت جلسہ سالانہ بھی ہے اور چونکہ لوگوں کا دیوانہ وار کھنچے چلے آنا آسمان پر مقدر ہو چکا ہے اس لئے ہمیں یقین ہے کہ امسال بھی فضل کے اس کشادہ و بلند دروازے سے فیضیاب ہونے کے لئے لوگ نہ صرف ملک کے کونے کونے سے بلکہ دنیا کے دور دراز علاقوں سے دیوانہ وار کھنچے چلے آئیں گے۔ خدا تعالیٰ لوگوں کے دلوں میں الہام کر کے ان کے اندر ایسا اشتعال شوق پیدا کرے گا کہ وہ پہلے سے بڑھ کر تعداد میں آئے بغیر نہ رہیں گے اور یَاْتُوْنَ مِنْ کُلِّ فَجٍّ عَمِیْقٍ کا نشان خدائی تقدیر کے بموجب امسال بھی پہلے سے بڑھ کر شان کے ساتھ پورا ہوگا اور سال بہ سال ہمیشہ ہی پورا ہوتا چلا جائے گا۔ لَا مُبَدِّلَ لِکَلِمَاتِ اللّٰہِ!

○

# صدر صاحبان جماعتہائے احمدیہ ضلع جھنگ کا اجلاس

صدر صاحبان جماعت ہائے احمدیہ ضلع جھنگ کا ایک نہایت ضروری اجلاس بروز بدھ ۲۷ دسمبر ۱۹۷۸ء بعد نماز مغرب و عشاء ۷ بجے شب منعقد ہوگا۔ تمام صدر صاحبان یا ان کے نمائندے اس میں شامل ہوں۔

(امیر جماعت ہائے احمدیہ ضلع جھنگ)

---

# بجٹ مجلس انصار اللہ سنہ ۱۹۷۹ء

تمام مجالس انصار اللہ کو بجٹ فارم بھجوائے جا رہے ہیں تمام ناظمین اضلاع اور زعماء اعلیٰ / زعماء کرام سے درخواست ہے کہ تمام انصار کو بجٹ میں شامل کرنے ہوئے صحیح آمد پر بجٹ تشخیص کر کے جلسہ سالانہ پر دفتر مجلس انصار اللہ مرکزیہ میں پہنچا کر مشکور فرمائیں۔

(قائد مال مجلس انصار اللہ مرکزیہ ربوہ)

---

# تصحیح اعلان دار القضاء

مورخہ ۳/۶/۷۸ کو قضاء کی طرف سے قطعہ ۳۲/۱ واقع محلہ دار الفضل ربوہ میں سے کام اللہ دتہ صاحب مرحوم ولد نور محمد صاحب کی زمین کی منتقلی کی درخواست میں طالب حسین کی بجائے ان کا بچپن کا نام عطاء الٰہی شائع ہوا۔ اب ان کا نام عطاء الٰہی کی بجائے طالب حسین پڑھا جائے۔

(ناظم دار القضاء۔ ربوہ)

○

Digitized by Khilafat Library Rabwah

# وقف جدید کے مالی سال کا اختتام قریب ہے

وقفِ جدید کے مالی سال کے اختتام پذیر ہونے میں اب نصف ماہ سے بھی کم عرصہ باقی رہ گیا ہے اور ابھی تک منظور شدہ بجٹ میں سے کافی بڑی رقوم واجب الادا پڑی ہوئی ہیں۔ اصولی طور پر منظور شدہ بجٹ ۳۱ دسمبر سے قبل سو فیصدی وصول ہو کر داخل خزانہ صدر انجمن احمدیہ ہونا چاہیئے۔ لہٰذا تمام امراء صاحبان، صدر صاحبان اور متعلقہ عہدیداران سے درخواست ہے کہ براہِ مہربانی نہ صرف احباب سے ان کی موعودہ رقوم سو فیصدی وصول کی جائیں بلکہ جو احباب وقت پر وعدہ جات نہ لکھوا سکے ہوں ان سے بھی چندہ وصول کر کے انہیں وقفِ جدید کے مجاہدین میں شامل کیا جائے۔ اور کوشش کی جائے کہ کوئی فرد بھی اس ثواب سے محروم نہ رہے اور ان چند ایام میں مسلسل کوشش اور جدوجہد کی جائے کہ وقفِ جدید کا منظور شدہ بجٹ بہرحال سو فیصدی وصول ہو کر ۳۱ دسمبر سے قبل خزانہ صدر انجمن احمدیہ میں داخل ہو جائے تاکہ یکم جنوری ۱۹۷۹ء سے عملی طور پر نئے سال کا آغاز کیا جائے اور نئے جوش و خروش اور نئے ولولوں کے ساتھ اعلاء کلمۃ الاسلام کی مہم کو آگے بڑھایا جائے۔ جزاکم اللہ احسن الجزاء۔

(ناظم مال وقف جدید۔ ربوہ)

---

## شہر کی صفائی اور اہالیانِ ربوہ

اب اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے ہمارا جلسہ سالانہ بالکل قریب آگیا ہے اور احباب حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے مہمانوں کے استقبال کے لئے تیاریاں کر رہے ہیں۔ جلسہ کے موقع پر ربوہ میں خصوصی صفائی کی ضرورت ہے تاکہ معزز مہمانوں کو کسی قسم کی تکلیف نہ ہو۔ اس کے لئے مندرجہ ذیل گزارشات آپ کی خدمت میں پیش ہیں:۔

۱۔ اپنے مکانوں کو صاف ستھرا رکھیں۔

۲۔ مکان کے ماحول کی صفائی کی طرف توجہ فرمائیں۔

۳۔ مکان سے نکلنے والی نالیوں کی صفائی کریں۔

۴۔ اس بات کا خیال رکھیں کہ نالی کا پانی آپ کے مکان کے اردگرد جمع نہ ہو۔

۵۔ اگر گندے پانی کی نکاسی کا کوئی انتظام نہ ہو تو کسی مناسب جگہ پر گڑھا کھود دیجئے اور اس کے بھر جانے کی صورت میں اسی پانی سے اردگرد چھڑکاؤ کر دیں یا پودوں کے استعمال میں لائیں۔

۶۔ کوڑا کرکٹ مکان کے باہر سڑک وغیرہ پر نہ پھینکیں بلکہ اس کو روز کا روز گڑھا کھود کر دبا دیں۔

۷۔ اپنے پڑوس میں بھی صفائی کا خیال رکھیں اور اگر ضرورت ہو تو پڑوسیوں کو صفائی کا خیال رکھنے کی طرف توجہ دلا دیں۔ (نظامت صفائی جلسہ سالانہ)

---

## گمشدہ اشیاء اور بچوں کی حفاظت

جلسہ سالانہ کے موقع پر احباب کی سہولت کے لئے دفتر معلومات ۲۲ دسمبر سے کام شروع کرتا ہے اور دن رات کھلا رہتا ہے۔ احباب جلسہ سالانہ کے متعلق ہر قسم کی معلومات حاصل کر سکتے ہیں

(ا) اگر آپ کو راستوں میں کوئی گری پڑی چیز ملے تو اسے پوری احتیاط سے اٹھا کر دفتر معلومات میں پہنچا دیں۔

(ب) اگر کوئی گم شدہ بچہ نظر آئے تو اسے یونہی نہ چھوڑ دیں بلکہ محبت و پیار سے دفتر معلومات میں پہنچا دیں۔

(ج) جلسہ سالانہ کے مبارک ایام میں اپنے کمسن بچے کی جیب میں نام، ولدیت اور پتہ ایک کاغذ پر لکھ کر ڈالے رکھیں۔

اپنی گم شدہ اشیاء اور بچوں کے متعلق فوری رپورٹ دفتر معلومات میں درج کرائیں۔

(ناظم معلومات و فوری امداد)

---

# ضروری اعلان

## (وصیت کنندگان کے لئے)

قاعدہ ۴۲۲ دربارہ وصیت درج ذیل ہے

"قبل از منظوری وصیت۔ وصیت کنندہ کی اخلاقی اور دینی حالت کے بارہ میں دو معتبر اور معروف احمدیوں کی تصدیق مکرم امیر صاحب مقامی/صدر صاحب جماعت کی معرفت آنی ضروری ہوگی۔"

وصیت کنندگان سے درخواست ہے کہ براہِ کرم وہ اپنے وصیت ہائے فارم تکمیل کے بعد اپنی جماعت کے امیر صاحب/صدر صاحب مقامی کی معرفت بھجوائیں۔

(سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ)

---

## احباب محتاط رہیں

ایک شخص جو اپنا مندرجہ ذیل نام پتہ بتاتا ہے (ہو سکتا ہے یہ غلط بھی ہو) مسمی آصف بشیر مفتی ولد نور حسین لال دین سکنہ رجادہ تحصیل نارووال ضلع سیالکوٹ۔ اپنے آپ کو احمدی ظاہر کرتا ہے۔ بی ایس سی اور ٹیکسٹائل انجینئر بتاتا ہے۔ لوگوں کو بیرونِ پاکستان بھجوانے کا جھانسہ دیکر اُن سے روپیہ بٹورتا ہے۔ عمر قریباً ۲۵/۳۰ سال۔ کبھی داڑھی رکھ لیتا ہے کبھی منڈواتا ہے۔ لوگوں کو چندے کی دو رسیدیں -/۵۰ روپے اور -/۵ روپے کی دکھاتا ہے عموماً اردو بولنے کی کوشش کرتا ہے۔

احباب ہوشیار رہیں!

---

## سٹیج ٹکٹوں کے لئے ضروری اعلان

سٹیج و حلقہ خاص کے ٹکٹوں کے لئے بہنیں مبہم سی درخواستیں بھجوا رہی ہیں۔ وجہ استحقاق لکھیں۔ حلقہ خاص کے لئے عمر ساتھ لکھی ہونی چاہیئے۔ نام سے پتہ نہیں چلتا کہ یہ بڑی عمر کی عورت ہے یا بچی۔ جس کے ساتھ عمر نہیں لکھی ہوگی ٹکٹ بنا کر نہیں رکھا جائے گا۔

۲۵ دسمبر کی شام یا ۲۶ دسمبر کی صبح ۹ بجے سے قبل تک ٹکٹ حاصل کر لیں۔ حضور کی افتتاحی تقریر کے دوران کوئی بہن ٹکٹ حاصل کرنے کی کوشش نہ کریں۔ جو دیر سے آئیں وہ پہلے اور دوسرے اجلاس کے درمیان ٹکٹ لے لیں۔ (صدر لجنہ اماء اللہ مرکزیہ)

---

## درخواست ہائے دعا

۱۔ خاکسار کے تایازاد بھائی مکرم چوہدری ظفر اللہ خان صاحب فیروز والہ ضلع گوجرانوالہ کے کانوں کی شنوائی میں فرق آگیا ہے۔ احبابِ جماعت دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ ان کو کامل صحت عطا فرمائے۔ آمین (حبیب بیگم بنت چوہدری محمد شریف صاحب مرحوم فیروز والہ)

۲۔ عزیزم عبدالماجد نے میٹرگری (نائیجیریا) سے اطلاع دی ہے کہ انکی اہلیہ عزیزہ طاہرہ بیمار ہے احباب جماعت دعا فرمائیں کہ اللہ شافی عزیزہ کو اپنے فضل سے کامل و عاجل شفا عطا فرمائے۔ (عبدالقیوم پراچہ محلہ دارالیمن ربوہ)

۳۔ خاکسار عرصہ چار سال سے بعارضہ فالج بیمار ہے نیز والدہ صاحبہ بعارضہ شوگر و درد پتہ بیمار ہیں اور کمزور ہیں۔ ہم دونوں کی صحت کیلئے احباب جماعت دعا فرمائیں۔

(محمد صدیق خان۔ دھوبی گھاٹ۔ ڈاکخانہ چاہ میراں لاہور)

۴۔ خاکسار کا خالہ زاد بھائی مبشر احمد جس کی ۲۸ اگست کو ٹرین کے حادثہ میں ٹانگیں کٹ گئی تھیں تقریباً ۳ ماہ سول ہسپتال گوجرانوالہ میں رہنے کے بعد گھر آگیا ہے۔ ٹانگیں تو ٹھیک ہو چکی ہیں لیکن کمر میں ایک زخم زیادہ گہرا ہے جس کی وجہ سے اٹھنے بیٹھنے میں تکلیف ہے۔ دوست دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ اپنے خاص فضل سے صحت کاملہ و عاجلہ عطا فرمائے۔

(محمد انوار الحق عفی اللہ عنہ ناظم تعلیم مجلس خدام الاحمدیہ مغلپورہ لاہور)

۵۔ میرے بھائی عزیزم نصیر احمد خالد ابن حوالدار چوہدری بشیر احمد صاحب بعارضہ بلڈ پریشر کچھ عرصہ سے بیمار ہیں۔ ڈاکٹروں نے آپریشن کا مشورہ دیا ہے۔ عزیزم ایم ایس سی فائنل ایر کے طالبعلم ہیں۔ احباب صحت کاملہ، کامیاب آپریشن اور امتحان میں اعلیٰ کامیابی کیلئے دعا فرمائیں (منیر نسیم ظفر ایم اے ربوہ)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

# ایجنٹ حضرات کیلئے ضروری اعلان

اس دفعہ جلسہ سالانہ کے مبارک ایام میں بھی اخبار الفضل شائع ہوتا رہے گا۔ تاکہ جو احباب جلسہ سالانہ میں شامل نہ ہو سکیں انہیں جلسہ کی روئیداد سے اطلاع ہوتی رہے۔

الفضل کے جملہ ایجنٹ صاحبان کی خدمت میں درخواست ہے کہ وہ اپنی اپنی جگہ الفضل کی بروقت تقسیم کرتے رہیں۔ جن ایجنٹ صاحبان نے جلسہ سالانہ میں شمولیت کیلئے آنا ہو وہ اپنے شہر میں اخبار کی تقسیم کا انتظام کرتے آئیں۔

امید ہے کہ جملہ ایجنٹ صاحبان اس بارے میں پورا پورا تعاون فرمائیں گے۔ (مینیجر الفضل ربوہ)

## دعائے مغفرت

چوہدری کرم دین صاحب صدر جماعت احمدیہ ساہووال ضلع سیالکوٹ مورخہ ۴ دسمبر ۱۹۷۸ء بروز سوموار صبح کے وقت اس دار فانی سے رحلت کر گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

مرحوم نے ۱۹۲۳ء میں حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ کے دست مبارک پر بیعت کی تھی۔ نہایت مخلص ملنسار اور مہمان نواز تھے۔

احباب کرام دعا فرمائیں کہ خدا تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ دے اور مرحوم کے ورثاء کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین

(پسران چوہدری کرم دین صاحب مرحوم)


موٹاپا۔ اعصابی کمزوری۔ دائمی قبض۔ تبخیر معدہ۔ بواسیر۔ اٹھرا اور مخصوص پیچیدہ امراض کے لئے ہم سے رجوع فرمائیں

فاران دواخانہ
ملکہ اڈا
ایام جلسہ اقصیٰ روڈ ربوہ

ھوالشافی
دانت درد کا علاج
دانتوں کے امراض کے متعلق مشورہ اور لٹریچر
مفت
پائیوریا (PYORRHEA) کا مکمل کورس ۱۵/-
کیریز (CARIES) کا مکمل کورس ۱۵/-
پائیوریا پنجن (PYORRHEA POWDER) ۲/-
کیو ٹیو میڈیسن کمپنی رجسٹرڈ (ڈاکٹر ڈرابہ ہومیو)
ربوہ۔ فون ۶۰۶/۶۰۷

دواخانہ خدمت خلق
سالہا سال سے قادیان پھر اس کے بعد ربوہ میں حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ کی زیر سرپرستی بڑی کامیابی کے ساتھ کام کرتا رہا ہے اب بھی اسی طرح کام کر رہا ہے۔
دوست آرڈر دیں اور طبی مشورہ مفت حاصل کریں۔
مینیجر دواخانہ خدمت خلق رجسٹرڈ
گولبازار ربوہ

دوا تدبیر ہے اور دعا اللہ تعالیٰ کے فضل کو جذب کرتی ہے
اپنی صحت اور تندرستی کی بقا کے لئے
ناصر دواخانہ ربوہ
کی مفید و مجرب دوائیں استعمال کریں
مکمل فہرست ادویہ جنتری ۱۹۷۹ء مفید طبی معلومات کے ساتھ
مفت طلب کریں

رَبِّ زِدْنِی عِلْمًا ۔ اے میرے رب میرے علم کو بڑھا (القرآن الحکیم) علم حاصل کرو خواہ چین جانا پڑے۔ (فرمان رسول اکرمؐ)
بنی اے ترکھان ہو تو ایم اے لوہار ہو ۔ پھر دیکھئے کہ ملک میں کیسی بہار ہو
بیکار مت بیٹھئے نسیم رجسٹرڈ کوئی ہنر سیکھئے
محض اللہ تعالیٰ کے فضل اور رحم کے ساتھ اب آپ ۹ ہنر سکھاتا ہے

| | کورس مدت | فیس |
|---|---|---|
| (۱) سٹیل فکسر (سٹیل بار بائنڈ اور سٹیل اریکٹر) | ۲ ہفتے | ۱۰۰ روپے |
| (۲) شٹرنگ کارپینٹر | ۲ ہفتے | ۱۰۰ روپے |
| (۳) پائپ فٹر (اریکٹر یجر۔ فیبریکیٹر۔ سینٹری فٹنگ) | ۳ ہفتے | ۱۵۰ روپے |
| (۴) ویلڈنگ (الیکٹرک اینڈ گیس) | ایک ماہ | ۲۵۰ روپے |
| (۵) الیکٹریشن | ایک ماہ | ۳۰۰ روپے |
| (۶) کنسٹرکشن فورمین | ایک ماہ | ۲۵۰ روپے |
| (۷) ریفریجریشن اینڈ ایئر کنڈیشننگ | دو ماہ | ۳۴۰ روپے |
| (۸) موٹر وائنڈنگ کورس | ایک ماہ | ۳۰۰ روپے |
| (۹) الیکٹریکل سپروائزر کورس | ½ ماہ | ۳۴۰ روپے |

★ کنسٹرکشن فورمین کی کلاس ہر ماہ کی ۱۸ اور ۲۵ تاریخ کو شروع ہوتی ہے۔ اس کے علاوہ عربی بول چال جناب حافظ محمد صدیق فیضی گولڈ میڈلسٹ فری سکھاتے ہیں۔
★ ریکروٹنگ ایجنسیاں اپنے ٹریڈ ٹیسٹ از قسم راج، سٹیل فکسر، شٹرنگ کارپینٹر، پائپ فٹر، ڈیزل مکینک، الیکٹریشن، ویلڈر، ڈرائیور ہم سے کروائیں!
پراسپیکٹس جوابی لفافہ بھیج کر مفت منگوائیں
صبح اور شام کی کلاسز میں داخلہ جاری ہے
احمدی احباب کے لئے فیس میں ۱۵٪ رعایت
باہر کے طلباء کے لئے رہائش کا انتظام ہے
نسیم سٹیل فکسر ٹریڈ ٹیسٹ اینڈ ٹریننگ سنٹر رجسٹرڈ
اندرون موچی گیٹ لاہور۔ فون نمبر 60540/55448
برانچ:- 65/A کشمیر روڈ نزد جی ٹی ایس سٹینڈ، راولپنڈی

مبارک ہو آپ کو جلسہ پر تشریف لانا مبارک ہو

| زد جام خاص | حب دمہ | حب بواسیر |
|---|---|---|
| قیمت مکمل کورس ۶۰ روپے | قیمت مکمل کورس ۲۵ روپے | قیمت مکمل کورس ۲۵ روپے |
| سرمہ سفید نورانی | باضمین | ستون اعجازی پائیوریا کیور |
| ۳ ماشہ ۶ ماشہ | چھوٹی شیشی چار روپے | قیمت فی ڈبی |
| تین روپے پانچ روپے | بڑی شیشی چھ روپے | پانچ روپے |

دواخانہ دارالامان اقصیٰ روڈ۔ ربوہ
فاضل الطب حکیم حسن احمد فاروقی رجسٹرڈ طبیب درجہ اوّل

آرٹ اور حسن طباعت کا دلکش امتزاج
کلمہ طیبہ اور حضرت مسیح موعودؑ کے الہامات پر مبنی دلکش قطعات ۶ ڈیزائنوں میں جلسہ سالانہ کے موقع پر ہر بک سٹال سے طلب کریں۔
بخاری گرافکس دارالرحمت وسطی ربوہ

آپ کو
جلسہ سالانہ
میں
شمولیت کا ارادہ
مبارک ہو
انشاء اللہ ایوان محمود کے بالکل سامنے
مشہور دواخانہ
میں عورتوں اور مردوں کے شعبہ جات
مصروف خدمت رہیں گے
گوجرانوالہ فون ۷۴۸۴۴
ربوہ۔ فون ۶۳۸

کوٹھی۔ مکان۔ پلاٹ۔ زرعی زمین کی خرید و فروخت کے لئے آپ کا مخلص، مستعد
معاون اور دار
فضل عمر کنسٹرکٹرز اینڈ پراپرٹی ڈیلرز
نزد ریلوے پھاٹک اقصیٰ روڈ ربوہ

Digitized by Khilafat Library Rabwah

# نقشہ فرودگاہ مہمانانِ کرام جلسہ سالانہ ۱۹۷۸ء

| نمبر شمار | نام قیام گاہ | نام جماعت |
|---|---|---|
| ۱ | جامعہ احمدیہ | سرگودھا شہر و ضلع ۔ حیدر آباد ڈویژن (چھت پر نئے تعمیر شدہ کمروں میں) |
| ۲ | جدید پریس | پرائیویٹ قیام گاہ |
| ۳ | مدرسۃ الحفظ (ریسرچ بلڈنگ) | آزاد کشمیر، مظفر گڑھ شہر و ضلع ۔ میانوالی شہر و ضلع ۔ بہاولپور ڈویژن ۔ خیرپور ڈویژن |
| ۴ | ناصر ہوسٹل جامعہ احمدیہ | پرائیویٹ قیام گاہ |
| ۵ | خیمہ جات (احاطہ جامعہ احمدیہ) | پرائیویٹ قیام گاہ |
| ۶ | اجتماعی خیمہ جات احاطہ جامعہ احمدیہ | ڈیرہ غازی خان شہر و ضلع ۔ ساہیوال شہر و ضلع |
| ۷ | ایوانِ محمود | سیالکوٹ شہر و ضلع |
| ۸ | دفاتر انصار اللہ | پشاور ڈویژن ۔ ڈیرہ اسمٰعیل خان ڈویژن |
| ۹ | دار الضیافت | کوئٹہ قلات ڈویژن ۔ کراچی ڈویژن ۔ راولپنڈی شہر و ضلع ۔ |
| ۱۰ | خیمہ جات بالمقابل دار الضیافت | پرائیویٹ قیام گاہ |
| ۱۱ | مسجد اقصیٰ اپر گیلری | شیخوپورہ شہر و ضلع |
| ۱۲ | مہمان خانہ مردانہ بلاک نمبر ۱ | کمرہ نمبر ۱ تا ۴ فیصل آباد شہر و ضلع ۔ کمرہ نمبر ۵ تا ۷ ملتان شہر و ضلع ۔ |
| ۱۳ | " " بلاک نمبر ۲ | کمرہ نمبر ۱ تا ۴ گوجرانوالہ شہر و ضلع ۔ کمرہ نمبر ۵ تا ۷ ملتان شہر و ضلع |
| ۱۴ | " " بلاک نمبر ۳ (زیر تعمیر) | جھنگ ضلع |
| ۱۵ | " " بلاک نمبر ۴ | کمرہ نمبر ۱ تا ۳ لاہور شہر و ضلع ۔ کمرہ نمبر ۴ تا ۶ جہلم شہر و ضلع |
| ۱۶ | " " بلاک نمبر ۵ | کمرہ نمبر ۱ تا ۲ کیمبلپور شہر و ضلع و ہزارہ ۔ کمرہ نمبر ۳ جھنگ شہر |

عہدیدارانِ جماعت کی خدمت میں درخواست ہے کہ احبابِ جماعت کو ان کی قیام گاہ کے متعلق اچھی طرح اطلاع کر دیں ۔ احبابِ جماعت کی خدمت میں التماس ہے کہ اس بات کی پابندی فرمائیں کہ جو قیام گاہیں ان کے شہر و ضلع کے لئے مقرر کی گئی ہیں وہیں ٹھہریں ۔ عہدیدارانِ جماعت کا فرض ہوگا کہ وہ ایامِ جلسہ میں اس بات کی نگرانی فرمائیں کہ احباب اس ہدایت کی پابندی فرمائیں ۔

(افسر جلسہ سالانہ)

## ماہنامہ تحریکِ جدید کا سالنامہ

رسالہ تحریک جدید کا سالنامہ انشاء اللہ جلسہ سالانہ کے موقع پر احباب کی خدمت میں پیش کر دیا جائے گا ۔ جو قارئین یہ پرچہ جلسہ سالانہ کے موقع پر حاصل نہ کر سکیں انہیں یہ جنوری ۱۹۷۹ء میں بذریعہ ڈاک پوسٹ کر دیا جائے گا ۔ سالنامہ کی قیمت دو روپے ہوگی جبکہ پرچہ کا سال بھر کا چندہ صرف پانچ روپے ہے ۔ مستقل خریداروں کو سال بھر کے چندہ میں یہ شمارہ مفت دیا جائے گا لہٰذا دوستوں سے درخواست ہے کہ پانچ روپے ادا کر کے سال بھر کے لئے اس رسالہ کا خریدار بن جائیں ۔

کچھ احباب کا چندہ ختم ہو چکا ہوا ہے لیکن انہیں پرچہ باقاعدہ بھجوایا جا رہا ہے ایسے دوستوں سے التماس ہے کہ جلسہ سالانہ کے موقع پر ماہنامہ تحریکِ جدید کے سال پر چندہ کی ادائیگی فرما کر عند اللہ ماجور ہوں ۔

مینجنگ ایڈیٹر
ماہنامہ تحریکِ جدید ربوہ

# نقشہ قیام گاہ مستورات بر موقع جلسہ سالانہ ۱۹۷۸ء

امسال جلسہ سالانہ کے موقع پر زنانہ قیام گاہوں کی جماعت وار تقسیم درج ذیل طریق پر ہوگی :۔

قیام گاہ نمبر ۱ ۔ لجنہ ہال و اجتماعی خیمہ جات احاطہ دفتر لجنہ اماء اللہ
اضلاع ۔ فیصل آباد ۔ سیالکوٹ ۔ جھنگ ۔ سرگودھا ۔ میانوالی ۔ بہاولپور ۔ ملتان ۔ رحیم یار خان ۔ سندھ ۔ حیدر آباد ۔ نواب شاہ ۔

قیام گاہ نمبر ۲ ۔ مہمان خانہ مستورات
اضلاع ۔ لاہور ۔ گوجرانوالہ ۔ گجرات ۔ شیخوپورہ ۔ کراچی ۔ کوئٹہ ۔ پشاور ۔ مردان ۔ ہزارہ ۔ کیمبلپور ۔ ایبٹ آباد ۔ راولپنڈی ۔ اسلام آباد ۔ جہلم ۔ کھاریاں ۔ ساہیوال ۔ اوکاڑہ ۔

مہمان خواتین سے درخواست ہے کہ مروجہ مستورات کو چھوڑنے آئیں تو انکے قیام کے کمرہ کا نمبر حلقہ کر لیں ۔ اس سے دورانِ قیام ملاقات میں سہولت رہے گی اور خواتین بھی از خود اپنی جگہ تبدیل نہ کریں جہاں منتظمات انہیں ٹھہرائیں وہیں قیام فرمائیں ۔

(افسر جلسہ سالانہ)


اطلاع

جائیداد کی خرید و فروخت میں کئی قسم کے فراڈ اور دھوکے ہوتے ہیں اُن سے بچنے کے لئے ہم سے رجوع کریں ۔

فیصل آباد اسٹیٹ ایجنسی
سمن آباد (بالمقابل حبیب بنک لمیٹڈ)
فیصل آباد
فون نمبر دفتر ۲۵۶۲۳ دفتری اوقات میں
گھر ۲۸۳۶۲ دفتری اوقات کے علاوہ
مشیر قانونی ۔ محمود احمد قمر ایڈووکیٹ

دوائی اولادِ نرینہ مکمل کورس ۲/-
فضل عمر ڈرگ ہاؤس قریشی مارکیٹ گولبازار ربوہ

قادیان کا قدیمی مشہور تحفہ
سرنور رجسٹرڈ ۱/۵۰ قیمت فی شیشی ۳/- روپے
اکسیر ٹھرا مکمل کورس ۴۸/- روپے
شفاخانہ رفیق حیات رجسٹرڈ گولبازار ربوہ